اپریل ۱۹۹۷ء کو منعقد ہوئے۔ زیر نظر تحریر میں ۱۹۹۰ء سے یمن میں جمہوریت کے ماخذ، طریقے، اور نوعیت کا جائزہ لیا گیا ہے اور اس میں خاص طور ۱۹۹۷ء کے پارلیمانی انتخابات پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

Mathew Gray, "Electoral Politics and the 1997 Elections in Yemen,"*Journal of South Asian and Middle Eastern Studies*", XX1:3 (Spring 1998), pp. 31-46

وسطی ایشیا میں اسلام کا احیا

روس اور بالشویک استعماریت اور نوآبادیت کے ۱۵۰ سالہ تسلط سے آزاد ہونے کے بعد وسطی ایشیا کے ممالک اسلامی دنیا میں واپس آچکے ہیں۔ ۵ کروڑ آبادی کا یہ خطہ قرون وسطی میں اسلامی تہذیب کا مرکز رہا ہے۔ اب وہ اپنی جڑوں کی تلاش میں ہے، جنہیں سوویت حکومت نے ختم کرنے کی پوری کوشش کی۔ اس کے پورے ایشیا کی جغرافیائی سیاست پر غیر معمولی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

Grahame E. Fuller, "The Rise of Islam in Central Asia", *The World & I*, (September 1997), pp. 44-49

سعودی امریکی تعلقات کا مستقبل

رپورٹ نگار کے جائزے کے مطابق سعودی عرب میں امریکہ کے اثر و نفوذ کا ایک دور ختم ہو چکا ہے اور ماضی کے مقابلے میں اب امریکہ کا اس سرزمین اور اس کے باشندوں سے براہ راست تعلق کمزور ہے۔

Robert Vitalis, "The Closing of the Arabian Oil Frontier and the Future of Saudi-American Relations",*Middle East Report* (July-September 1997), pp. 15-21